سوال

(163) مردے کوتابوت میں بند کر کے ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جا کر دفن کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

مردے کوتابوت میں بند کر کے ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جا کر دفن کرنا جائز ہے یا نہیں ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ترمذی میں حدیث کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہ کا بھائی عبدالرحمن موضع حبشی میں فوت ہوا، وہاں سے مکہ معظمہ میں لایا گیا اس روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ کسی ضرورت یا مصلحت سے میت کو ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانا جائز ہے۔ واللہ اعلم

شرفیہ :

... مگر اس حدیث کے آخر میں ((قالت لو حضرتک ما دفنت الا حیث مت ولا شھدتک ما زرتک رواہ الترمذی مشکوۃ جلد نمبر ۱ ص ۱۴۹)) لہٰذا یہ دلیل نہ رہی۔ (فتاویٰ ثنائیہ جلد اول ص ۵۴۵)

[فتاویٰ علمائے حدیث]

جلد05ص280

محدث فتویٰ